آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن:

اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا امتحان ثانوی پارٹ اوّل (9th) سالانہ 2021ء کا انعقاد اپریل 2021ء کے پہلے ہفتہ متوقع ہے۔ اس امتحان کے لیے پرائیویٹ/ریگولر فارم ہا داخلہ کی تکمیل بذیل شیڈول کے مطابق Online سسٹم کے ذریعے ہوگی۔ لہذا اس میں شرکت کے خواہشمند ریگولر ادارہ جات کے سربراہان اور پرائیویٹ طلباء/طالبات بورڈ کی ویب سائیٹ www.ajkbise.edu.pk یا www.ajkbise.net سے رجوع کریں۔ امتحانی فیس کی ادائیگی کے لیے صرف Online کمپیوٹرائزڈ چالان ہی استعمال کرنا ہوگا۔ لہذا شیڈول کے مطابق امتحانی فیس/پروسیسنگ فیس صرف Online کمپیوٹرائزڈ چالان پر ہی جمع کروائیں۔ آزاد کشمیر کی حدود میں تمام HBL برانچز امتحانی فیس جمع کرنے کی مجاز ہیں۔ Online چالان کے علاوہ چالان/رسید پر جمع کروائی گئی فیس قابل قبول نہیں ہوگی۔

### شیڈول برائے Online وصولی فیس و ہارڈ کاپی امتحان ثانوی پارٹ اوّل (9th) 2021ء

| | پارٹ اوّل 9th ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | دستی ہارڈ کاپی ریگولر/پرائیویٹ وصولی کا شیڈول | بذریعہ ڈاک ہارڈ کاپی ریگولر/پرائیویٹ وصولی کا شیڈول |
|---|---|---|---|
| سنگل فیس کے ساتھ | 15-01-2021 تا 08-02-2021 | 08-02-2021 | 15-02-2021 |
| دوگنا فیس کے ساتھ | 09-02-2021 تا 17-02-2021 | 17-02-2021 | 22-02-2021 |
| تین گنا فیس کے ساتھ | 18-02-2021 تا 24-02-2021 | 24-02-2021 | یکم مارچ 2021ء تک |

**تاخیری جرمانہ**

**(ریگولر امیدواران کا فارم ہا داخلہ (ہارڈ کاپیز) وصولی در بورڈ)**

پہلا مرحلہ =/2000 روپے۔ دوسرا مرحلہ =/3000 روپے جبکہ تیسرا مرحلہ =/4000 روپے اور اسی طرح مزید مراحل میں /1000 روپے اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائیگا۔

**(پرائیویٹ امیدواران کا فارم ہا داخلہ (ہارڈ کاپیز) وصولی در بورڈ)**

پہلا مرحلہ =/500 روپے۔ دوسرا مرحلہ =/1000 روپے جبکہ تیسرا مرحلہ =/1500 روپے اور اسی طرح مزید مراحل میں /500 روپے اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائیگا۔

### (اشراح فیس داخلہ/رجسٹریشن/سند/پروسیسنگ فیس جماعت نہم)

**1۔ ریگولر امیدواران کے لیے:**

| گروپس | فیس داخلہ | پروسیسنگ فیس | کل فیس |
|---|---|---|---|
| آرٹس بغیر عملی مضامین | /900 روپے | /320 روپے | /1220 روپے |
| سائنس/ٹیکنیکل آرٹس عملی مضامین | /950 روپے | /320 روپے | /1270 روپے |

**2۔ پرائیویٹ امیدواران کے لیے:**

| گروپس | فیس داخلہ | پروسیسنگ فیس | کل فیس |
|---|---|---|---|
| آرٹس بغیر عملی مضامین | /950 روپے | /320 روپے | /1270 روپے |
| سائنس/ٹیکنیکل آرٹس عملی مضامین | /1000 روپے | /320 روپے | /1320 روپے |
| فریش امیدواران مندرجہ بالا فیس ہا کے علاوہ رجسٹریشن و سند فیس مبلغ /1200 روپے بھی جمع کروائیں۔ | | | |

### Online داخلہ کے سلسلہ میں خصوصی ہدایات

1۔ جو امیدواران پہلے سے ثانوی سطح پر رجسٹرڈ نہیں ہیں اور وہ پہلی مرتبہ پرائیویٹ طور پر امتحان ثانوی پارٹ اوّل (9th) میں شرکت کر رہے ہیں وہ داخلہ فیس/پروسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس /1200 روپے (رجسٹریشن /1000 + سند فیس /200 روپے) جمع کروائیں گے۔ ڈبل رجسٹریشن کروانا تحت قواعد غیر قانونی اور قابل مواخذہ ہے۔

2۔ ریگولر امیدواران کے فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز متعلقہ ادارہ کے پرنسپل صاحب/صدر معلم صاحب/صدر معلمہ صاحبہ جبکہ پرائیویٹ امیدواران کے فارم داخلہ کی ہارڈ کاپی درج ذیل آفیسران ہی تحت قواعد تصدیق کرنے کے مجاز ہیں:

i۔ آزاد کشمیر کی علاقائی حدود میں واقع سرکاری ہائی سکولز/کالجز کے صدر معلمین/صدر معلمات، پرنسپل صاحبان/صاحبات کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/پروفیسرز/لیکچرارز۔

ii۔ آفیسر کمانڈنگ (صرف فوجی امیدواران کے لیے) iii۔ سپرنٹنڈنٹ جیل (صرف قیدیوں کے لیے)

3۔ ری ایڈمیشن سے متعلق ریگولر/پرائیویٹ امیدواران اپنا رجسٹریشن نمبر فیڈ کر کے داخلہ فارم Online فیڈ کر سکتے ہیں۔

4۔ ریگولر امیدواران کے لیے فارم ادارہ جات اپنے Online Account کے ذریعے رجسٹریشن کی طرح پہلے سے فیڈ شدہ رجسٹر امیدواران کے ایڈمیشن فارمز کے مضامین کے گروپ وائز Batches بنائیں گے۔ ادارہ اپنی مرضی سے ایک یا ایک سے زائد Bathces بنا سکتا ہے Batch بنانے کے بعد صرف کمپیوٹرائزڈ چالان پر ہی فیس جمع کروائے گا۔

5۔ تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈیٹا (Deta) کو verify کرنے کے بعد ہی Admissionn Batch بنائیں۔ بصورت دیگر Batch کو Delete کرنے کی فیس مبلغ /1000 روپے ہوگی جو صرف HBL آزاد کشمیر کی برانچز میں جمع کروا کر اصل چالان بورڈ کو ارسال کرنے کے بعد ہی Batch Delete ہو سکتا ہے۔

7۔ ادارہ تمام داخلہ فارمز کا پرنٹ حاصل کر کے بعد از تصدیق بورڈ ہذا میں بمعہ چالان و ایڈمیشن ریکوئسٹ کا پرنٹ ارسال کرے گا۔

8۔ جن طلباء/طالبات کا ایڈمیشن ادارہ جات ریگولر نہ بھیجنا چاہتے ہوں وہ اپنے Online Account سے ان تمام طلباء/طالبات کو Deactive کریں گے اور Deactive کر کے پرنٹ حاصل کر سکیں گے یا ادارہ خود بھی پرنٹ نکال سکتا ہے۔

250
12-01-21

9۔ داخلہ فارم کا پرنٹ/ہارڈ کاپیز اُسی وقت نکالی جائے جب کسی اُمیدوار کے کوائف/مضمون یا تبدیلی گروپ کے تمام کالم مکمل ہو چکے ہوں جس کی تحت ضابطہ فیس لاگو ہوگی۔ اگر داخلہ فارم کا پرنٹ بورڈ کو بھیج دیا گیا ہو اور بعد میں گروپ/مضامین کی تبدیلی کرنی ہو تو دوبارہ داخلہ فارم پرنٹ کر کے بورڈ کو بھیجنا ہوگا۔ بصورت دیگر غلطی کی تمام تر ذمہ داری ادارہ/ طالب علم پر ہوگی۔ کسی قسم کا مینول فارم پرانی طرز کا **یا** مینول چالان/رسید پر جمع شدہ فیس قابل قبول نہیں ہوگی۔

10۔ کوئی اُمیدوار جن مضمون/مضامین میں ذریعہ امتحان (انگلش میڈیم) اختیار کرنا چاہیے تو اس کی منظوری کے لیے درخواست مجوزہ فارم پر ہمراہ (ہارڈ کاپیز) فارم داخلہ ارسال کریں۔ بصورت دیگر دفتر ہذا ذمہ دار نہ ہوگا نیز ہارڈ کاپی پر بھی ذریعہ امتحان درج کرنا ضروری ہے۔

11۔ تبدیلی گروپ فیس -/2000 روپے اور تبدیلی مضمون -/1000 روپے فی مضمون مقرر ہے۔ تبدیلی گروپ/مضامین کا پروسیس Online ہوگا اور داخلہ فیس جمع کرواتے وقت اُسی چالان پر یہ فیس بھی جمع کروانی ہوگی۔

12۔ ریگولر طلباء/طالبات کی رول نمبر سلپس امتحان کے آغاز سے قبل ایک ہفتہ سربراہان ادارہ جات اپنے ادارہ کے Online Account سے حاصل کر سکیں گے۔

13۔ Other Board سے متعلق پرائیویٹ اُمیدواران فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپی) کے ہمراہ اصل NOC مائیگریشن سرٹیفکیٹ + رزلٹ کارڈ کی Verification فیس مبلغ -/1000 روپے مقرر ہے جو داخلہ فارم کے چالان پر ہی جمع ہوگی۔

14۔ Online ایڈمیشن سے متعلقہ معلومات کے لیے ان نمبرز پر رابطہ کریں 71-05827-960070 جبکہ Rules سے متعلق معلومات کے لیے 05827-960042 Ext.No.134,137,138,140 ملا کر ہی معلومات لی جا سکے گی۔

15۔ بیرون ملک شہریت کے حامل طلباء و طالبات جو (امتحان کے آغاز سے قبل) مسلسل 3 سال تک بیرون ملک رہے ہوں، اُردو کے متبادل جغرافیہ آف پاکستان کا امتحان دے سکتے ہیں وہ بطور ثبوت اپنے پاسپورٹ کی عکسی نقل ہارڈ کاپی کے ساتھ منسلک کریں جو اُمیدواران اسلامیات لازمی، مطالعہ پاکستان یا جنرل سائنس کا پرچہ اُردو میڈیم کی بجائے انگلش میڈیم میں دینا چاہیں وہ Medium کوڈ (1) کو دائرہ لگائیں۔

| نوٹ | امتحان ثانوی (9th) ریگولر/ پرائیویٹ اُمیدواران Online ایڈمیشن کی ہدایات جنوری 2021ء میں ایک کتابچہ کی صورت میں بورڈ کی ویب سائیٹ www.ajkbise.edu.pk یا www.ajkbise.net پر دستیاب ہوں گی اور با آسانی Download کر کے پرنٹ کی جا سکیں گی۔ |
|---|---|

08/01/21

(نعیم شاہد چوہدری)

**کنٹرولر امتحانات سکولز**

**05827-960004**

**05827-960038**

نمبر بورڈ/ثانوی امتحانات/ 4638-9138 /2021/ مورخہ 11-01

## نقل بالا بخدمت:

1۔ جناب سیکریٹری ہمراہ جناب صدر آزاد جموں و کشمیر مظفرآباد۔

2۔ پرنسپل سیکریٹری صاحب برائے وزیراعظم (کنٹرولنگ اتھارٹی تعلیمی بورڈ) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

3۔ پرائیویٹ سیکریٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکریٹری آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

4۔ جناب سیکریٹری تعلیمات کالجز/سکولز آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

5۔ جناب سیکریٹری اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

6۔ جناب سیکریٹری پبلک سروس کمیشن آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

7۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

8۔ جناب ناظم اعلیٰ تحقیق و ترقی نصاب آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

9۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز زنانہ/مردانہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

10۔ سیکریٹری صاحب IBCC G-10/4 اسلام آباد۔

11۔ سیکریٹری صاحب پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کیمپ آفس انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ لاہور۔

12۔ کنٹرولر صاحب امتحانات فیڈرل بورڈ اسلام آباد/تعلیمی بورڈ راولپنڈی/سرگودھا/گوجرانوالہ/بہاولپور/ملتان/فیصل آباد/لاہور/ڈیرہ غازی خان/سکھر/حیدرآباد/ثانوی بورڈ کراچی/انٹر بورڈ کراچی/پشاور/ایبٹ آباد/سوات/بنوں/کوہاٹ/آرمڈ سروسز بورڈ فار ہائیر ایجوکیشن GHQ راولپنڈی/کوئٹہ/آزاد کشمیر یونیورسٹی مظفرآباد/MUST میرپور آزاد کشمیر۔

13۔ جناب سیکریٹری بورڈ۔

14۔ جملہ آفیسران بورڈ۔

15۔ فوکل پرسن بورڈ۔

16۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ کمپیوٹر سیکشن بغرض E-mail/Uplodi بطور خبر۔

17۔ ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان کالجز ڈویژن میرپور/مظفرآباد/پونچھ۔

18۔ ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان سکولز ڈویژن میرپور/مظفرآباد/پونچھ۔

19۔ پرنسپل صاحبان/صاحبات انٹر کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز آزاد کشمیر۔

20۔ صدر معلمین صاحبان/صدر معلمات صاحبات بوائز/گرلز ہائی سکولز آزاد کشمیر۔

21۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/صاحبات (زنانہ/مردانہ) آزاد کشمیر

22۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب ڈسٹرکٹ میرپور/مظفرآباد/پونچھ/سدھنوتی/باغ/کوٹلی/بھمبر/نیلم/ہٹیاں بالا/حویلی مرسل ہو کر تحریر ہے کہ یہ خبر مسلسل تین دن جملہ اخبارات میں تفصیل کے ساتھ نشر کروائی جائے۔

23۔ منیجر صاحبان HBL مین برانچ میرپور/بھمبر/کوٹلی/سدھنوتی/پونچھ/باغ/مظفرآباد بغرض اطلاع۔

24۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/تراڑکھل/میرپور و انچارج صاحب اسٹیشن ریڈیو ایف ایم میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

25۔ نمائندہ صاحبان PTV/APP/آج/جیو/رائل/سماء/ARY/دنیا/ایکسپریس میرپور مرسل ہو کر تحریر ہے کہ یہ خبر بالتفصیل تین دن مسلسل نشر کروائی جائے۔

26۔ نمائندہ صاحب روزنامہ جنگ/نوائے وقت/پاکستان/خبریں/صحافت/اوصاف/جناح/جموں و کشمیر/ایکسپریس/دن/جذبہ/احتساب/اذکار میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

27۔ نگران صاحبان شعبہ جات بغرض اطلاع۔

28۔ علاقائی برانچز مظفرآباد، راولاکوٹ آزاد کشمیر۔

29۔ داخلی تقسیم/نوٹس بورڈ/آفس کاپی۔